لاہور (این این آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان نے کہا ہے کہ اعظم خان جتنی مرضی روٹی کھائیں، مگر ہمیں میچ جتوادے، اہم کھلاڑی ریٹین نہیں کر سکے، حسن علی مس کریں گے۔ پی ایل ایس ریٹینشن پالیسی کے تحت ہم نے اپنے اہم کھلاڑی ریٹین نہیں کر سکے، انہوں نے کہا کہ ہم ایک ایسا لڑکا ہے جو ہر فارمیٹ میں اچھی پرفارمنس دیتا ہے اور امید ہے کہ ہم جیت جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اعظم خان روٹی کھانے کا حصہ بنے کے بعد بیٹنگ بھی روٹی کھائیں، مگر ہمیں میچ جتوادے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 14 دسمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 دسمبر 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، شکر پڑیاں، ٹی اینڈ ٹی، اقبال روڈ، سوہدرن روڈ، ہائی وے، چراہ، I-9/4، G-10/1، F-10، اولڈ ایکسچینج، F-11/4، G-13/1، شاہ پور، دھلہ، شاہدرہ، کوٹلی ستیاں، بلاورہ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کمال آباد، لکھو، راجہ سلطان، فیض آباد، شکریال، النور کالونی، فاروق اعظم، گلزار قائد، ظفرالحق، ڈھوک کھبہ، صرافہ بازار، میجر مسعود، جناح روڈ، ابو بکر، انڈسٹریل، قائد آباد، پیپلز کالونی، ریس کورس، ریڈیو پاک۔ ا، ایسٹ روڈ، لکھو روڈ، موہن پورہ، نیو ملپور، سکستھ روڈ، ٹی اینڈ ٹی، پی ٹی سی ایل فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کوہالہ، مورت، بینک روڈ۔ ا، ڈھوک فرمان علی، کوٹ جبی، سواں گارڈن۔ ا، ماڈل ٹاؤن، سکیم III، مورگاہ، ہمایوں 502 ورکشاپ، قریشی آباد، چونگی نمبر۔ 2، 2 چہان، ڈھوک غزن، زراج، I S T، چوک پنڈوری، لہتراڑ۔ ا، سیپ ابرار، غزن خان، گھٹی، پنڈ جاتلہ، بھنگالی، سید کسران، گگن فیڈرز، اٹک سرکل، بوہی گھر، غازی کوہلی، مارگلہ، نثار شہید، لالہ زار، سرائے خربوزہ، شاہ اللہ دتہ، حسین آباد، پتھر گڑھ، موسا، حاجی شاہ، دلاور آباد، شکردرہ، کچہری، غورغشتی، گگن، سٹی، مینوالہ، سجاد شہید، فتح جنگ سٹی، کمریال، کھنڈا، فتح جنگ، لانی والہ، گل محمد، بھنڈر، امن پور، سالارگاہ فیڈرز، چکوال سرکل، بحر پور، لائن پارک، جمال وال، کلر کہار، اسلامیہ چوک، آدی، دولتالہ، ڈھڈیال رورل، دورگی راجگان، بھیکری، بشارت، دریائے جالپ، دلوال، احمد آباد، کچہری، ساگر پور، کوٹ چوہدریاں، کوٹ گلہ، کوٹ شیرا، پچنند، دھرابی، جاتلہ، پیرا فتیال، طاؤ محرم خان فیڈرز، جہلم سرکل، F-7 کچہری، F-13 گرمالہ، منڈی بھلوال، شمس آباد، اکرم شہید، جاکھڑ، ایم ریاض شہید، دینہ۔ 1 بکرالہ، بھگوال، چکیام، نیو سنگھوئی، چوتالہ، دینہ۔ 4 سٹی، سکیم۔ 1، سوہاوہ کچہری، ہل اعوان، کے ٹی ایم، اسلام پورہ فیڈرز صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، لہتراڑ، کروڑ، بلاورہ، کوٹلی ستیاں، جبی، سجاد شہید، مائیکرویو، ماری ٹائم، کھنڈا، فتح جنگ، کریمہ، گل محمد شہید، سنگھوئی، چوتالہ فیڈرز، T-2، 132/66KV انڈیپینڈنٹ گرڈ اسٹیشن اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 58

افسران نے بھی شرکت کی۔ اور اسپیشل بچوں کی حوصلہ افزائی کی۔

کی درخواست کی ہے۔ یہ اضافہ گزشتہ مالی سال کی دوسری اور تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مانگا گیا۔ ذرائع کے مطابق جنوری تا مارچ 2023 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں ایک روپے 25 پیسے فی یونٹ اضافہ مانگا گیا ہے۔ اکتوبر تا دسمبر 2022ء کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں 47 پیسے فی یونٹ اضافہ مانگا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ملک بھر میں بجلی کا

اسپیشل بچے ہمارے لئے اہم، انکی تربیت اور تعلیم کیلئے بھی حکومت کوشاں ہے، ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون

قوم کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو معاف کرنے کا میرے پاس کوئی اختیار نہیں، نواز شریف

بقیہ 1

جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بینچ نے 9 مئی کے پرتشدد مظاہروں میں ملوث ہونے پر گرفتار عام شہریوں کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے خلاف دائر درخواستوں پر محفوظ فیصلہ سنایا تھا۔ بدھ کو سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کا ٹرائل کالعدم قرار دینے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں 6 رکنی لارجر بینچ نے کی۔ بینچ میں جسٹس امین الدین خان، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت خان شامل ہیں۔ سماعت کے آغاز پر سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ، اعتزاز احسن، لطیف کھوسہ اور سلمان اکرم راجا سمیت نامور وکلا نے جسٹس سردار طارق مسعود پر اعتراض کر دیا۔ لطیف کھوسہ نے جسٹس سردار طارق سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے بینچ پر موجود ہونے پر اعتراض اٹھایا ہے، جسٹس سردار طارق مسعود نے فریقین کے وکلا سے استفسار کیا کہ آپ کو نوٹس کیا ہے کسی نے؟ اعتزاز احسن نے کہا کہ نوٹس سے پہلے جج پر اعتراض ہو تو اس پر دلائل ہوتے ہیں، سلمان اکرم راجا نے کہا کہ نوٹس ہونے کے بعد اعتراض اٹھانے پر کیس متاثر ہوگا۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ جسٹس سردار طارق اپنے نوٹ میں فوجی عدالتوں کی درخواستوں پر رائے دے چکے ہیں۔ جسٹس سردار طارق نے وکلا سے استفسار کیا کہ کس نے اعتراض کیا ہے؟ سلمان اکرم راجا نے جواب دیا کہ اعتراض جواد ایس خواجہ نے کیا ہے۔ جسٹس سردار طارق مسعود نے اعتراضات پر بینچ سے علیحدہ ہونے سے انکار کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ میں نہیں ہوتا بینچ سے الگ کیا کر لیں گے؟ وکلا جسٹس جواد ایس خواجہ کا فیصلہ پڑھ لیں، یہ جج کی مرضی ہے کہ بینچ کا حصہ رہے یا سننے سے معذرت کرے۔

بقیہ 2

کمیشن جاسکتے ہیں، نواز شریف کے لاڈلے ہونے کے بیانات بھی سیاسی بیانیہ ہیں، افغان شہریوں کی واپسی پر نظرثانی نہیں کی جارہی۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے فواد حسن فواد نے کہا کہ انتخابات کے ملتوی ہونے کی قیاس آرائیاں درست نہیں، کوئی ایسا ابہام نہیں کہ انتخابات 8 فروری کو نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئین وقانون کو دیکھتے ہوئے انتخابات میں تاخیر کی گنجائش نہیں، مولانا فضل الرحمٰن اپنے خدشات پر سپریم کورٹ یا الیکشن کمیشن جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاڈلے اور لیول پلیئنگ فیلڈ کے بیانات سیاسی بیانیہ ہیں، نگراں حکومت غیر جانبداری سے امور انجام دے رہی ہے، سیاسی جماعتیں الزامات کے بجائے انتخابی منشور پر توجہ دیں۔ فواد حسن فواد نے کہا کہ نواز شریف کے لاڈلے ہونے کے بیانات بھی سیاسی بیانیہ ہیں، نواز شریف کے ساتھ سرکاری حیثیت میں کام کرنے سے وابستگی رہی ہے، ان کے سیاسی

میں انٹونی بلنکن نے کہا کہ امریکا خیبر پختون خوا میں سیکیورٹی چوکی پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتا ہے۔ انٹونی بلنکن نے کہا کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کو یقینی بنانے میں پاکستان کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کے مختلف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 27 دہشت گرد مارے گئے تھے جبکہ سیکیورٹی فورسز کی چوکی پر حملے، خودکش دھماکے اور فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں پاک فوج کے 25 جوان شہید ہوئے تھے۔

بقیہ 8

میں احتساب عدالت کے نواز شریف کو سزا سے متعلق 24 دسمبر 2018 کا فیصلہ کالعدم قرار دیا گیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کا مختصر تحریری فیصلہ ایک صفحے پر مشتمل ہے جسے چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق اور جسٹس گل حسن اورنگزیب نے جاری کیا ہے۔ عدالت کے تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ العزیزیہ ریفرنس میں نواز شریف کی سزا کے خلاف اپیل منظور کی جاتی ہے، نواز شریف کی اپیل منظور کرنے کی وجوہات تفصیلی فیصلے میں جاری ہوں گی۔ مختصر عدالتی فیصلے میں احتساب عدالت کے نواز شریف کو سزا سے متعلق 24 دسمبر 2018 کا فیصلہ کالعدم قرار دیا گیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے مختصر تحریری فیصلے میں کہا کہ العزیزیہ ریفرنس میں نواز شریف کو تمام الزامات سے بری کیا جاتا ہے۔

بقیہ 9

90 فیصد واقعات میں یہ اعتراف جرم ہوتا ہے، آپ نے آخری بار عدالت میں یہ بیان دیا تھا کہ یہ سب فوراً بند ہوگا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے جواب دیا کہ یہ سلسلہ کہانی جرم وسزا سے شروع ہوا، پھر ہر چینل پر یہ مواد شروع ہو گیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا کوئی میڈیا کا بندہ ملزم سے اعتراف کروا سکتا ہے؟ کیا ایک ملزم کی اجازت کے بغیر اس کا انٹرویو کیا جا سکتا ہے؟ کیا پولیس یہ اجازت دے سکتی ہے؟ سرکاری وکیل نے نفی میں جواب دیا۔ عدالت نے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سے استفسار کیا کہ پراسیکیوشن کا عمل انتہائی حساس اور نجی ہے، جو ٹریفک والوں کے ساتھ کھڑے ہو کر، منہ میں مائیک گھسا کر انٹرویو کیے جاتے ہیں، بند ہونے چاہئیں۔ عدالت میں زیر حراست لوگوں کے انٹرویو بھی دکھائے گئے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ کوئی صحافی کسی کو زبردستی بات کرنے پر کیسے مجبور کر سکتا ہے؟ جیسے بات کرنے کی آزادی ہے ویسے ہی خاموش رہنے کی بھی آزادی ہے، ایک ریگولیٹری اتھارٹی ہونی چاہیے، ہر شخص جو کیمرہ اور مائیک لے کر چل پڑے اسے صحافی نہیں کہا جا سکتا، اگر ایک صحافی آپ کے پاس آتا اور کوئی سوال کرتا ہے تو آپ جواب نہیں دیتے تو بات ختم ہو جانی چاہیے۔ جج نے کہا کہ میں آرڈر پاس کر رہا ہوں کہ

شہداء اور غازیوں کیلئے اٹھائے گئے اقدامات قابل تعریف ہیں

اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب کی راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں غازیوں سے ملاقات، مسائل دریافت کیے

احسان اللہ چوہان کا کمانڈ اینڈ کنٹرول، پولیس ویلفیئر مرکز، ایم ٹی سیکشن، تھانہ صدر بیرونی، تھانہ کینٹ اور تحفظ سینٹر کا بھی دورہ

راولپنڈی (این این آئی) اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب احسان اللہ چوہان نے راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں غازیوں سے خصوصی ملاقات کی، اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب نے غازی پولیس افسران سے بات چیت کی اور مسائل دریافت کیے، اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب نے کمانڈ اینڈ کنٹرول، پولیس ویلفیئر مرکز، ایم ٹی سیکشن، تھانہ صدر بیرونی، تھانہ کینٹ اور تحفظ سینٹر کا دورہ بھی کیا۔ تفصیلات کے مطابق اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب احسان اللہ چوہان نے راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں غازیوں سے خصوصی ملاقات کی، اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب نے غازی پولیس افسران سے بات چیت کی اور مسائل دریافت کیے۔ ملاقات میں ایس پی راول (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی، اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب احسان اللہ چوہان تھانہ صدر بیرونی اور کینٹ کا دورہ کرتے ہوئے

راولپنڈی، شراب بیچنے اور اور ناجائز اسلحہ رکھنے پر 5 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم راشد سے 10 لیٹر شراب، ملزم کاشف (بقیہ نمبر 33)

ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی شوذب سعید اور کنٹری ڈائریکٹر یونیسکو یوسف فلالی چولستان کے آثار قدیمہ کا دورہ کررہے ہیں

آغا سراج درانی کی شاہد خاقان عباسی سے ملاقات، سندھ اسمبلی سپیکر کی طبیعت دریافت کی

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے اسپیکر آغا سراج درانی نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی سے کراچی کی احتساب عدالت میں ملاقات کی ہے۔ اس موقع پر آغا سراج درانی نے شاہد خاقان سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو سندھ آنے پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے آغا سراج درانی کی طبیعت دریافت کی۔ واضح رہے (بقیہ نمبر 34)

9 رکنی منشیات کے اسمگلرز کا گروہ کوٹ مومن سے گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے عملے نے 4 خواتین سمیت 9 رکنی منشیات کی اسمگلنگ کرنے والے گروہ کو کوٹ مومن سے گرفتار کرلیا جن کے قبضے سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد ہوئی ہے۔ بین الصوبائی اسمگلنگ گروہ خواتین کے ... (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، شہری کو فائرنگ کر کے زخمی کرنیوالے 3 ڈاکو گرفتار

... (بقیہ نمبر 36)


راولپنڈی، پنجاب پولیس کے جوانوں کے شب وروز کو اجاگر کرتی شارٹ فلم "محافظ" کی راولپنڈی آرٹس کونسل میں تقریب رونمائی

شارٹ فلم "محافظ" کی راولپنڈی آرٹس کونسل میں تقریب رونمائی

تقریب رونمائی میں پولیس کے تمام یونٹس کے افسران واہلکاروں نے بھی شرکت کی، خادم حسین چاکرانی نے فلم کی پروڈکشن اور ڈائریکشن کے ساتھ ساتھ لیڈ رول ادا کیا

فرض کی راہ میں پولیس شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیاں ہمارے بہتر اور محفوظ مستقبل کی ضمانت ہیں، شہریوں کے تاثرات

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب پولیس کے جوانوں کے شب وروز کو اجاگر کرتی شارٹ فلم "محافظ" کی راولپنڈی آرٹس کونسل میں تقریب رونمائی، آر پی او راولپنڈی سید خرم علی، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی اور معزز مہمانوں کی شرکت، فلم میں پولیس افسران کی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں اور شب وروز کی جدوجہد کے ساتھ مسائل کی بہترین عکاسی کی گئی ہے، فلم محافظ کے ذریعے ایک (بقیہ نمبر 37)

پاکستان اور گیمبیا میں سیاسی مشاورت کی مفاہمتی یادداشت کی منظوری

نگراں وفاقی کابینہ کا وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، 12 نکاتی ایجنڈا پیش

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور گیمبیا کے درمیان خارجہ لیول پر سیاسی مشاورت کی مفاہمتی یادداشت کی منظوری دے دی گئی۔ یہ منظوری نگراں وفاقی کابینہ کے وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس میں دی گئی جس میں 12 نکاتی ایجنڈا بھی پیش کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ایم ڈی نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن معراج گل کو ہٹانے کی منظوری دی گئی جبکہ کورنگی فشریز ہاربر اتھارٹی ایم ڈی کی تقرری کر دی گئی۔ اجلاس میں پی ایم ڈی سی ایکٹ 2022 کے تحت نارووال، ٹھٹھہ اور میرپور میں میڈیکل کالجز (بقیہ نمبر 38)

دنیا بھر میں 42 کروڑ سے زائد لوگ شوگر میں مبتلا ہیں، رپورٹ

ننکانہ صاحب (این این آئی) دنیا بھر میں 42 کروڑ سے زائد لوگ شوگر میں مبتلا ہیں پاکستان میں شوگر کے مریضوں کی تعداد تین کروڑ تین لاکھ سے زائد ہو چکی ہر چوتھا پاکستانی شوگر کی بیماری میں مبتلا ہے غذا ادویات احتیاط ورزش اور پرہیز سے (بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی کمشنرز اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کی ٹرانسفر پوسٹنگ پر پابندی عائد

الیکشن کمیشن نے عام انتخابات میں ڈی سیز اور اے ڈی سیز کو ذمہ داریاں سونپی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں ڈپٹی کمشنرز اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کی ٹرانسفر پوسٹنگ پر پابندی عائد کردی۔ الیکشن کمیشن نے اس حوالے سے اعلامیہ جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن نے عام انتخابات میں ڈی سیز اور اے ڈی سیز کو ذمہ داریاں سونپی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق الیکشن کمیشن نے انتخابات سے متعلق ڈی آر او، آر او، اے آر او کی تقرری کے باعث ٹرانسفر پوسٹنگ پر پابندی عائد کی ہے۔ الیکشن کمیشن نے سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ اور چاروں چیف سیکرٹریز کو مراسلہ جاری کردیا ہے۔ واضح (بقیہ نمبر 40)

امریکہ، رواں موسم میں فلو سے 1600 سے زائد افراد ہلاک

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں رواں سیزن کے دوران اب تک کم از کم 26 لاکھ افراد بیماریوں کا شکار ہوئے جن میں سے 26 ہزار ہسپتالوں میں داخل ہوئے جبکہ 16 افراد فلو سے ہلاک ہوچکے ہیں۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق امراض کی روک تھام اور تدارک کے امریکی مراکز (سی ڈی (بقیہ نمبر 41)

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈینشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza


مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف پارٹی سیکرٹریٹ پارلیمانی بورڈ کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

رواں ہفتے پی ٹی آئی میں شمولیت سے متعلق فیصلہ کروں گا' لطیف کھوسہ

میں بھٹو شہید اور بینظیر کی جماعت میں تھا جس کا نظریہ عوامی حمایت تھا

لاہور (این این آئی) سینئر قانون دان لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ میں سمجھتا تھا کہ میں پیپلز پارٹی میں ہوں، اسی ہفتے پی ٹی آئی میں شمولیت سے متعلق فیصلہ کروں گا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے لطیف کھوسہ نے کہا کہ اپنے اور اعتزاز احسن کے بارے میں آصف زرداری کی رائے کا احترام کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی چیئرمین یا صدر اگر سمجھتے ہیں کہ میں پارٹی میں نہیں تو ٹھیک ہے، اگر آصف زرداری کہتے ہیں کہ میں پارٹی میں نہیں ہوں تو میں نہیں ہوں۔ میں بھٹو شہید اور بینظیر کی جماعت میں تھا جس کا نظریہ عوامی حمایت (بقیہ نمبر 42)

عمران خان اور فواد چوہدری پر فرد جرم عائد نہ کی جاسکی

الیکشن کمیشن کا کوئی اختیار نہیں کہ وہ جیلوں میں جائے، ان کا کام الیکشن کرانا ہے، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (این این آئی) توہین الیکشن کمیشن کیس میں عمران خان اور فواد چوہدری پر فرد جرم عائد نہ ہوسکی۔ بدھ کو بانی پی ٹی آئی اور سابق وزیر فواد چوہدری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت کیلئے الیکشن کمیشن کی ٹیم اڈیالہ جیل پہنچی تھی جہاں کیس کی سماعت کی گئی تاہم دونوں ملزمان پر کیس میں فرد جرم عائد نہ ہوسکی۔ فواد چوہدری (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی، تین رکنی بابر ڈکیت گینگ کے ملزمان ریس کورس پولیس کی حراست میں

تھانہ ریس کورس پولیس کی کارروائی، 03 رکنی بابر ڈکیت گینگ گرفتار

مسروقہ رقم 90 ہزار روپے، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

شناخت پریڈ کے بعد مزید برآمدگی کا تحرک کیا جائے گا، ایس ایچ او راجہ افتخار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی تھانہ ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 03 رکنی بابر ڈکیت گینگ گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان سے مسروقہ رقم 90 ہزار روپے موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ گرفتار ملزمان میں بابر خان، عمر خان اور حسان شامل ہیں۔ ایس ایچ او تھانہ ریس کورس راجہ افتخار نے بتایا ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لئے جیل منتقل کیا گیا ہے شناخت پریڈ کے بعد مزید برآمدگی کا تحرک کیا جائے گا۔ مزید انہوں نے کہا شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان (بقیہ نمبر 44)

مری روڈ سمیت تمام بازاروں وارڈن تعینات کیے جائیں

تاجروں اور عوام پر ایف آئی آر درج کرنا زیادتی ہے، وائس چیئرمین انجمن تاجران

راولپنڈی (این این آئی) تاجروں اور عوام پر ٹریفک پولیس کی طرف سے ایف آئی آر درج کرنا زیادتی ہے، ٹریفک پولیس چالان کی آڑ میں ہائیکورٹ اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہی ہے، کم عمر پر ایف آئی آر کے احکامات بھی زیادتی ہے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر صرف چالان کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین انجمن تاجران کمرشل مارکیٹ حماد قریشی اور صدر تاجر اتحاد راولپنڈی عتیق صدیقی نے مشترکہ بیان میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب آئی جی پنجاب ان (بقیہ نمبر 45)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اپنے ادارے کی کارکردگی بارے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

پندرہ دسمبر پہیہ جام تحصیل بھر کے روڈ بلاک ٹرانسپورٹ بند

تمام کاروباری اداروں میں شٹر ڈاؤن اور تاجر عوام کے ساتھ سڑکوں پر ہوں گے

فوری طور پر جہلم پنڈ دادنخان روڈ کے لئے فنڈز ریلیز کئے جائیں' مطالبہ

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق پنڈدادنخان جہلم ڈیول کیرج وے ورکنگ کمیٹی نے تاجروں سے ڈور ٹو ڈور ملاقات کی اور 15 دسمبر بروز جمعہ کی شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کے بارے میں تاجروں کو آگاہ کرتے ہوئے بطور تحصیل شہری اس میں حصہ لے کر اپنا کردار ادا کرنے کی درخواست کی اور آگاہ کیا کمپنڈ دادنخان للہ جہلم ڈیول کیرج وے ورکنگ کمیٹی کے فیصلے کے مطابق 15 دسمبر بروز جمعہ تحصیل بھر کے طول (بقیہ نمبر 46)

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین ذکاء اشرف کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا بغیر تربیت اسلحہ لائسنس نہ دینے کا اعلان

لائسنس بنوانے کے خواہشمند حضرات کو وفاقی پولیس تربیت فراہم کریگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے بغیر تربیت اسلحہ لائسنس نہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اپنے بیان میں آئی جی اسلام آباد پولیس اکبر ناصر نے بتایا کہ اسلحہ لائسنس بنوانے کے خواہشمند حضرات کو وفاقی دارالحکومت کی پولیس تربیت دیگی۔ آئی جی اسلام آباد نے بتایا کہ وفاقی پولیس کی جانب سے اسلحہ لائسنس حاصل کرنے کے خواہشمند افراد کو تین دن کی ٹریننگ دی جائے گی، لائسنس کے خواہشمند افراد کو وفاقی پولیس (بقیہ نمبر 47)

بجلی مزید مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کروادی گئی

وفاقی حکومت نے کراچی کے صارفین کیلئے بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کروادی

اسلام آباد (این این آئی) کراچی کے صارفین کے لیے بجلی مزید مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کروادی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے کراچی کے صارفین کے لیے بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کروادی۔ حکومت نے کراچی کے لیے بجلی ایک روپے 72 پیسے فی یونٹ مزید مہنگی کرنے (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

شرقی علاقے کی عوام کے ساتھ ہونے والی ہر سازش کو کچل دیں گے

کبھی سکول، کبھی بنک شفٹ کر کے اہلیان قاضیاں کے ساتھ زیادتی کی گی اب یوٹیلٹی سٹور کو کسی صورت شفٹ نہیں ہونے دیں گے

بنیادی سہولت سے محروم کرنے کی بجائے حبیب چوک کے مقام ایک بڑے لیول کا سٹور قائم کیا جائے چوہدری ناصر تاج

گوجرخان (قمر شہزاد) سابق چیئرمین یونین کونسل قاضیاں چوہدری ناصر تاج نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے علاقے سے یوٹیلٹی سٹور شفٹ کرنا اہلیان علاقہ کے ساتھ سراسر زیادتی ہے جو کہ بلکل بھی قابل قبول نہیں ہمیشہ ہی شرقی علاقے کے باسیوں کے ساتھ سازش کی گئی اور کبھی یہاں سے امتحانی مراکز، کبھی بنک کبھی سکول ختم کیے گے ہیں مگر اب کی بار ہم اہلیان علاقہ کے ساتھ (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی، اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب احسان اللہ چوہان پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں غازیوں سے بات چیت کررہے ہیں

راولپنڈی، مزید 144 کم عمر ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات درج

طلباء وطالبات کے لیے تعلیمی اداروں میں خصوصی کلاسز کا بھی آغاز کیا جارہا ہے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر گزشتہ روز مزید 144 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ روز 144 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، خصوصی مہم (بقیہ نمبر 50)

قصور ویڈیو سکینڈل کے تین مرکزی مجرمان لاہور ہائیکورٹ سے بری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قصور ویڈیو سکینڈل کے تین مرکزی مجرمان کو بری کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور چودھری کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے تینوں مجرمان کی عمر قید کے خلاف اپیلوں پر سماعت کی، مجرمان میں علیم آصف، حسیب عامر اور وسیم سندھی شامل ہیں، مجرمان کی جانب سے عابد حسین کچھی اور سہیل اصغر ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزمان کی عمر قید کیخلاف اپیلوں کو منظور کرتے ہوئے تینوں مجرمان کو مقدمے میں بری کردیا۔ واضح رہے کہ مجرمان کے خلاف قصور کے تھانہ گنڈا سنگھ پولیس نے 2015ء میں مقدمہ درج کیا، انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے (بقیہ نمبر 51)

10 منشیات فروش رفتار، 8 کلو سے زائد چرس برآمد

منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی جاری رکھی جائیں گی، سی پی او سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 8 کلو سے زائد چرس برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے ملزم عنصر علی سے 1 کلو 520 گرام چرس، ملزم سعید اللہ سے 575 گرام چرس (بقیہ نمبر 52)

ٹوبہ میں میاں بیوی کو کمسن بچی اور معمر ماں سمیت قتل کردیا گیا

آئی جی پنجاب نے اپنے حکم میں کہا کہ واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے

ریسکیو 1122 کے اہلکار شدید دھند کے باعث ٹریفک حادثے کے بعد امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں

سرگودھا (این این آئی) ٹوبہ میں میاں بیوی کو کمسن بچی اور معمر ماں سمیت قتل کردیا گیا۔ آئی جی پنجاب نے واردات کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کرلی اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق ٹوبہ ٹیک سنگھ کے محلہ ہیرا کالونی گلی نمبر چار میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے گھر پر فائرنگ کرکے ریلوے کے سابق ملازم 60 سالہ عبدالقدیر اس کی 80 سالہ ماں نسیم بی بی، 50 سالہ بیوی فرحت نسرین، 4 سالہ بیٹی نین تارا کو قتل کر دیا گیا اور فرار ہو گے۔ اس وقوعہ کا مقتول قدیر ریلوے کا ریٹائرڈ ملازم کمالیہ کے چک 762 گ ب کا رہائشی ہے جس نے چند سال قبل (بقیہ نمبر 53)

مولانا فضل الرحمان کا آصف زرداری کے بیان کی تحقیقات کا مطالبہ

اگر ایسا ہے جیسا آصف زرداری نے کہا ہے تو ایسے تمام ووٹ ختم ہونے چاہئیں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے الیکشن کمیشن سے آصف زرداری کے بیان کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا، بانی پی ٹی آئی نے افغانوں کے شناختی کارڈ بنوا کر ان کے ووٹ رجسٹر کرائے ہیں، خیبر پختونخوا میں جعلی ووٹر لسٹیں بنائی ہوئی ہیں۔ آصف علی زرداری کے اس بیان پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اگر ایسا ہے جیسا آصف زرداری نے کہا ہے تو ایسے تمام ووٹ ختم ہونے چاہئیں، اگر چند دنوں کی تاخیر سے شفاف الیکشن ملتے ہیں تو یہ کوئی بڑا سودا نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ سابق صدر (بقیہ نمبر 54)

سرگودھا میں منشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 9 ملزمان گرفتار

گودھا (این این آئی) سرگودھا میں منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں پولیس نے مجرم اشتہاری سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کرکے منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا جن کے مقدمات درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں تھانہ سلانوالی پولیس نے ایک مجرم اشتہاری اور ایک منشیات فروش کو گرفتار کر ملزم کاشف سے چرس ایک کلو 600 گرام، تھانہ شاہ نکدر پولیس منشیات فروش ملزم مشتاق سے لہن 100 لٹر، شراب 50 لٹر اور آلات کشید، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزم مشتاق سے بندوق 12 بور، تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن نے (بقیہ نمبر 55)

اسرائیل کا ہدف فلسطین کو صفحہ ہستی سے مٹانا ہے، منیر اکرم

دنیا فلسطینیوں کے یکطرفہ قتل عام پر توجہ دے، اسرائیل کا ہدف صرف حماس کا خاتمہ نہیں

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ غزہ میں فوری جنگ بندی ممکن بنائے۔ جنرل اسمبلی سے خطاب میں منیر اکرم نے کہا کہ دنیا فلسطینیوں کے یک طرفہ قتل عام پر توجہ دے، انہوں نے واضح کیا کہ اسرائیل کا ہدف صرف حماس کا خاتمہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کا ہدف فلسطینیوں اور فلسطین کو صفحہ ہستی سے مٹانا ہے، اسرائیل اب تک 25 ہزار ٹن بارود غزہ پر برسا چکا ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ ہیروشیما اور ناگاساکی پر جو ایٹم بم گرائے گئے اتنا بارود غزہ پر برسایا جاچکا ہے۔

راولپنڈی، اے آئی جی کمپلینٹس پنجاب احسان اللہ چوہان دفاتر کا دورہ کررہے ہیں

چار مقام سے نکلنے والی گیس پر سب سے پہلا حق تحصیل گوجرخان کے باسیوں کا ہے، سید ندیم شاہ

گیس کی ظالمانہ بندش رکن قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے عوام کو حالات کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا احمد شاہ

کثیر تعداد بغیر ناشتہ کئے ملازمتوں پر جانے پر مجبور مقامی باسیوں کا کوئی پرسان حال نہیں شازیہ سلطانہ بٹ

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان میں گیس کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ کی بنا پر مسلم لیگ یوتھ ونگ ن راولپنڈی ڈویژن کے سابق صدر سید ندیم عباس بخاری مسلم لیگ ن تحصیل گوجرخان کے سینئر نائب صدر اور مرکزی انجمن آڑھتیاں گوجرخان کے صدر راجہ سجاد سلیم حیدر المعروف کالا مسلم لیگ ن پروفیشنل ونگ گوجرخان کے صدر احمد شاہ خان مرکزی انجمن تاجراں گوجرخان کے سینئر رہنما حبیب الرحمٰن مغل مسلم لیگ ن شعبہ خواتین تحصیل گوجرخان کی صدر شازیہ سلطانہ بٹ سٹی صدر شمشاد بیگم نے اپنے مشترکہ بیانیہ میں کہا کہ گوجرخان کے 4 مقامات سے نکلنے والی قدرتی گیس پر سب سے پہلے تحصیل کے باسیوں کا حق ہے محکمہ سوئی گیس کے اعلیٰ افسران گوجر (بقیہ نمبر 56)

سیکرٹری صحت اور داخلہ کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس

افغان آبادی کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کیلئے تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سیکرٹری صحت اور سیکرٹری داخلہ کی مشترکہ صدارت میں اہم بین الوزارتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی جی ہیلتھ، داخلہ، نادرا، این ای او سی، ای پی آئی اور شراکتدار تنظیموں کے اہم عہدیداران و نمائندگان نے اجلاس میں شرکت کی۔ وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق اجلاس نگران وزیراعظم کی طرف (بقیہ نمبر 57)

مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

سپیشل بچے ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں، ڈی سی جہلم

سپیشل بچوں کو ہر طرح کی سہولت فراہم کی جارہی ہے، سمیع اللہ فاروق

جہلم (این این آئی) سپیشل بچے ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں ان پر توجہ دی جائے تو یہ معاشرے کے بہترین افراد ثابت ہوں گے ضلعی انتظامیہ اور سماجی تنظیموں کی جانب سے سپیشل بچوں کو ہر طرح کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ ڈی سی جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے یہ بات جہلم جمخانہ میں سپیشل بچوں کے ساتھ کرکٹ میچ کھیلتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ضلع جہلم کے مختلف سپیشل ایجوکیشن کے اداروں میں زیر تعلیم بچوں نے کرکٹ میچ میں شرکت کی اور خوب لطف اندوز ہوئے۔ میچ میں سماجی تنظیموں کے نمائندوں اور دیگر (بقیہ نمبر 58)

جہلم، شہریوں کا دیرینہ مطالبہ پورا، پارک کی بحالی کا کام شروع

جہلم (این این آئی) شہریوں کا دیرینہ مطالبہ پورا، شہر کے سب سے بڑے پارک کی بحالی کا کام شروع ہوگیا، پارک کی بحالی سے لاکھوں شہری مستفید ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن ر سمیع اللہ فاروق نے الطاف پارک کی بحالی کے کام کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ جہلم شہر کے سب سے بڑے اور واحد عوامی پارک کی بحالی کا کام شروع کر دیا گیا ہے اس پارک کی بحالی سے لاکھوں شہری مستفید ہوں گے۔ ڈی سی جہلم نے بتایا کہ اس پارک کی بحالی پر نو کروڑ سے زائد خرچ کیے جائیں گے جس سے جہلم شہر میں ایک جدید ترین اور خوبصورت پارک کی کمی پوری ہو جائے گی، 72 کنال پر مشتمل پارک عرصہ دراز سے عدم توجہی کے باعث مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے جہلم کے شہریوں کا یہ دیرینہ مطالبہ آج ہم پورا کرنے جارہے ہیں۔

جہلم، اقدام قتل مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار

جہلم (این این آئی) ڈومیلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم بابر قیوم سے پسٹل 30 بور معہ روند برآمد کرلیا گیا، رواں ماہ میں ملزم نے شہری کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا تھا۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔